# چانسلر کا ضابطہ

نمبر: A-640
موضوع: A-640 اسکول کے حدود میں فلم سازی
زمرہ: طلبا
جاری کردہ: 15 جون، 2009

## تبدیلیوں کا خلاصہ

یہ ضابطہ چانسلر کے ضابطے A-640 مورخہ 26 اکتوبر، 1998 کی جگہ ہے اور اسے منسوخ کرتا ہے۔

تبدیلیاں:

اس ضابطےمیں تجدید اس لیے کی گئی ہے کہ:

- نیویارک شہر محکمئہ تعلیمکی تنظیم اور پالیسی کی عکاسی ہو.
- وضاحت کی جائے کہ اب سے فلم سازی اور فوٹو گرافی دونوں کے پروجیکٹس پر اسکا اطلاق ہوگا.
- وضاحت کی جائے کہ تمام درخواستوں کو پہلے دفتر برائے ابلاغ و میڈیا تعلقات سے منظور کرانا ہوگا.
- تجویز دی جائے کہ کسی فلم سازی یا فوٹوگرفی کرنے سے قبل نیویارک شہر محکمئہ تعلیم کا معیاری مقام کے معاہدہ اور اجازت کے فارمز کو لازماً مکمل کرنا ہوگا .

# چانسلر کا ضابطہ

NYC Department of Education

نمبر: A-640
موضوع: A-640 اسکول کے حدود میں فلم سازی
زمرہ: طلبا
جاری کردہ: 15 جون، 2009

## خلاصہ

پیشکاران کی جانب سے فلموں، ٹیلیوژن شوز، اشتہارات، نیوز میگزین پروگرامز، تصاویر، یا اسکے علاوہ اسکول میں فلم سازی، تصاویر یا پھر عکاسیوں اور آوازوں کی ریکارڈنگ کی تمام درخواستوں یا دیگر کا نیویارک شہر محکمۂ تعلیم ("محکمہ") کی ملکیت کی تمام درخواستوں کو پہلے دفتر برائے ابلاغ و میڈیا تعلقات کو بھیجنا لازمی ہے۔ دفتر برائے ابلاغ و میڈیا تعلقات وہ واحد دفتر ہے جس کے پاس ایسی درخواستوں کو منظور یا مسترد کرنے کا اختیار ہے۔

منافع بخش اشتہارات کی فلم سازی کی سختی سے ممانعت ہے۔

**I. ماسوائے پریس کے، اسکول کے حدود پر فلم سازی یا تصویر نگاری کی درخواستوں پر غور کرنے کے طریقۂ ہائے کار**

A. اسکول پر یا دیگر اسکول کی حدود پر فلم سازی یا تصویر نگاری جو فلم سازوں، ٹیلیوژن شوز، اشتہارات، نیوز میگزین پروگرامز، یا دستاویزی خبریں (جنہیں اب سے مجموعی طور پر "پیشکار" کہا جائے گا) کے پیشکاروں اور بنانے والوں کوپہلے تحریری طور پر تمام درخواستیں دفتر برائے ابلاغ و میڈیا تعلقات کو دینا لازمی ہے۔

B. پیشکار فلم کی کہانی کا ایک مختصر خلاصہ تحریراً دیگا۔ اگر یہ کہانی بنیادی طور پر اور زیادہ تر اس محکمہ، اسکے طلبا یا ملازمین کے بارے میں ہے، دفتر برائے ابلاغ و میڈیا تعلقات کو فلم سازی کے اسکرپٹ کا جائزہ لینے کا اختیار حاصل ہے۔ اس محکمہ کے پاس فلم سازی کی منظوری کا مکمل اختیار ہے۔

C. دفتر برائے ابلاغ و میڈیا تعلقات پرنسپل، دفتر برائے عام صلاح کاری، اور دیگر موزوں عملے سے اسکول کے حدود میں فلم سازی یا تصویر نگاری کے بارے میں صلاح کاری کریگا۔

D. اسکول کی حدود میں کسی فلم سازی یا تصویر نگاری کی وجہ سے طلبا کی تعلیم پر اثر مرتب نہیں ہونا چاہئیے۔ پوری کوشش کرنی چاہئیے کہ فلم سازی یا تصویر نگاری کو ان دنوں تک محدود رکھیں جب کلاسیں اور امتحانی دورانیے نہیں ہو رہے ہوں۔ اگر محکمہ اپنے طور پر یہ فیصلہ کرتا ہے کہ فلم سازی سے طلبا کی تعلیم میں خلل یا رکاوٹ ہو رہی ہے اسے کسی بھی وقت روک سکتا ہے یا معطل کر سکتا ہے۔

E. اسکول کی حدود کے اندر اسکول کے اوقات کے دوران فلم سازی یا تصویر نگاری کی اجازت صرف پرنسپل کی تحریری اجازت کے ذریعے ہوگی۔

F. اگر کسی پیشکش میں محکمہ کے ایک سے زیادہ عمارات کی حدود کی ضرورت ہے، ہر جگہ سے ایک انفرادی حمایت اور اجازت لینا ضروری ہے۔ فلم سازی کے عملہ ایک مقام پر فلم سازی کی منظوری کو محکمہ کے دوسرے مقام پر استعمال نہیں کر سکتا۔

G. جہاں محکمہ کی حدود ایک مشترکہ جگہ ہے (دو یا زیادہ اسکول ایک ہی عمارت میں قائم ہیں)، ہر ایک شامل کردہ اسکول کے پرنسپل سے جن کے طلبا اور اساتذہ کو فلم سازی میں شامل کیا جانا ہے اجازت

لینا ضروری ہے، فلم سازی کے عملہ ایک اسکول کے حدود کے لیے حاصل کردہ منظوری کا استعمال ساتھ میں قائم دوسرے اسکول میں استعمال نہیں کر سکتا، پیشکار ان حدود میں تمام پرنسپلز کو قبل از وقت تاریخوں، اوقات اور فلم سازی کے مقامات کے بارے میں اطلاع دیں گے۔

H. پیشکش کے لیے عملہ کی تعیناتی اور مقام کا انتخاب صرف پیشکار کا استحقاق ہے۔

I. محکمہ کے کسی بھی ملازمین یا طلبا پر پرنسپل اور ساتھ میں متعلقہ محکمہ کے ملازمین یا طلبا کے والدین سے واضح طور پر تحریری اجازت کے بغیر فلم نہیں بنائی جا سکتی۔ تمام اجازت ناموں کا دفتر برائے عام صلاح کاری سے قبل از وقت منظوری حاصل کرنا ضروری ہے۔ کسی فلم یا تصاویر کا استعمال اسی مخصوص پروجیکٹ اور متعلقہ تشہیر تک محدود رہے گا۔ اگر پیشکار طلبا کو پیشکشوں میں حصہ لینے کے لیے اجرت پر رکھتا ہے اسے اسکول کے اوقات سے پہلے یا بعد میں ہونا چاہئیے، اسے اسکول کے کفایت کردہ تقریبات یا محکمہ سے متعلق نہیں ہونا چاہئیے، اجرت اور اجازت کا انتظام کا معاملہ پیشکار اور والدین یا سرپرستوں کے درمیان براہ راست ہونا چاہئیے۔

J. اس فلم سازی یا تصویر نگاری کا فائدہ اسکول اور اسکے طلبا کو ملنا چاہئیے مثلاً۔ عطیہ کی رقم یا اسکول کے تدریسی مقاصد کے لیے ساز و سامان، بامعنی انٹرنشپس یا طلبا جاری صلاح کاری کے پروجیکٹس، اسمبلی کے دوران فلم سازی سے متعلق کسی مقرر کو مدعو کرنا، اسکول میں کسی فلمی اداکار کا دورہ کرانا وغیرہ۔ اسکے علاوہ محکمہ، اسکے طلبا اور ملازمین سے متعلق دستاویزی پروجیکٹس کے لیے محکمہ ایسی دستاویز کے لیے رائلٹی (آمدنی میں مخصوص رقم کی وصولی) لینے کے لیے بات چیت کرنے کا حق رکھتا ہے تاکہ اگر ایسی دستاویز جس میں کاروباری لائسنس یا تقسیم کاری ہوتی ہے محکمہ کو بھی اس سے فائدہ پہونچے۔

K. ایک مرتبہ دفتر برائے ابلاغ اور میڈیا تعلقات سے اجازت ملنے کے بعد، پیشکار کو حدود کے نگران سے استعمال کے تمام ضروری اجازت نامے حاصل کرنا ہونگے اور استعمال کے لحاظ سے سے فیچر فلموں کے لیے قابل اطلاق فیس بشمول آغاز کرنے کے اخراجات، بالترتیب، استحقاقی اختیارات کے ساتھ جو اس پیشکش سے متعلق ہوں، حاصل کرنا ہونگے۔ مخصوص بغیر منافع اور طلبا کے کارناموں سے متعلق فلموں کے لیے فیس کی استثناء پر غور کیا جا سکتا ہے۔ اسکے علاوہ، پیشکار کو اسکول کی سہولیات اور حدود کا اداکاروں اور فلمی عملے کے لیے استعمال کرنے کی فیس بھی ادا کرنے چاہئیے۔ اسکول کی سہولیات اور حدود کے استعمال کی اجازت دفتر برائے ابلاغ و میڈیا تعلقات اور پرنسپل کے مشاورت کے ساتھ لازماً لینا ہوگی۔ ہر جاری کردہ اجازت نامہ صرف اصل دورانیے کے لیے لاگو ہوگا۔

L. پیشکار کو نیویارک شہر کو کمرشل قابل تلافی بیمہ پالسی میں شریک کرنا لازمی ہے جس کی کم از کم لاگت ایک ملین ڈالرز (1,000,000,00$) ہو۔ مخصوص صورت حال میں، اگر دفتر برائے عام صلاح کاری تجویز دے، ایک رقم بھی لی جا سکتی ہے ۔

M. پیشکار اور محکمہ کے ایک نمائندہ کو ایک معیاری مقام کے معاہدے پر فلم سازی سے قبل دستخط کرنا لازمی ہے۔ اس مقام کے معاہدہ میں ترمیم صرف دفتر برائے عام صلاح کاری کی تحریری اجازت سے کی جا سکتی ہے۔

N. فلم سازی یا تصویر نگاری میں اسکول کی کوئی نشندہی یا اسکول یا " نیویارک شہر محکمۂ تعلیم" کا نام استعمال نہیں کیا جائیگا بجز اسکے کہ پیشکار اور محکمہ کے دستخط شدہ مقام کے معاہدہ میں اسکی خصوصی اجازت موجود ہو۔

O. پیشکار کے لیے یہ ضروری ہے کہ محکمہ کی ملکیت پر موجودگی کے دوران بشمول محکمہ کی ملکیت ، محکمہ ، نیویارک شہر اور دیگر قابل اطلاق اداروں کے ضروری ضابطوں پر عمل پیرا ہو۔ پرنسپل کو پیشکار کے خرچے پر، نیویارک شہر اسکولز کا حفاظتی عملہ کی تعیناتی کی ضرورت پیش آ سکتی ہے۔

P. اسکول میں اشتہاری فلم سازی کی اجازت نہیں ہے ماسوائے کہ یہ اشتہار ایک عوامی خدمت کا اعلان کے بارے میں ہو یا جس سے محکمہ کو فائدہ ہوتا ہو جیسے کی استاد کی بھرتی کی مہم۔ اشتہارات کی تعریف میں ایسی تمام فلمیں آ جائینگی جو اشتہار، سیاسی یا کسی مشہوری کے مقصد کے لیے ہو، چاہے

منافع یا غیر منافع کے بنائی گئی ہو۔

Q. محکمہ کے طلبا اور ملازمین کو فراہم کردہ خدمات سے متعلق فلم سازی یا تصویر نگاری، جیسے اسکول کے استعمال کے لیے ایک تربیتی یا فنکارانہ مقاصد کے لیے وڈیو بنانے کے لیے دفتر برائے ابلاغ و میڈیا تعلقات اور پرنسپل سے اور ساتھ ہی محکمے کے ملازمین اور طلبا کے والدین یا سرپرستوں سے تحریری اجازت حاصل کرنی ہوگی۔ محکمہ کے طلبا اور ملازمین کو ایک اشتہارمیں تصدیق کے لیے استعمال نہیں کیا جا سکے گا۔

## II. پریس کے لیے اسکول کے حدود پر فلم سازی یا تصویر نگاری کی درخواستوں پر غور کرنے کے طریقئہ ہائے کار

A. اسکول میں تمام خبروں کی تنظیموں، اور فلمی رپورٹرز کو اپنے معمول کی خبریں لینے کے مقاصد ہیں۔ طالب علم کی تعلیم میں خلل نہیں آنا چاہئیے۔

B. رسالے یا دستاویزی پروگرام کو جز I میں دیے گئے طریقہ کار پر عمل درامد کرنا ہوگا۔

## III. استفسارات

اس ضابطہ سے متعلق استفسارات کو اس پتے پر بھیجنا چاہیے:

Office of Communications and Media Relations

N.Y.C. Department of Education

52 Chambers Street

New York, NY 10007

Telephone: 212-374-5141

Fax: 212-374-5584